A **SAMAGRA SHIKSHA – KERALA** **810**

**SECOND TERMINAL EVALUATION 2018-19**

STD : VIII First Language Part-1 (Urdu) Time :1 ½ Hrs

Score : 40

Prepared By : FAISAL VAFA, HST Urdu, GHSS Chalissery, Palakkad – 679536

Phone: 9846907761, E-Mail : faisalvafa@gmail.com

**1 سے 6 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔**

1 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ 1

[ سیب، سنترہ، سموسہ، سیتا پھل ]

جواب : سموسہ (اس گروہ میں دیے چار چیزوں کے نام میں ایک پکوان اور تین پھل ہیں۔)

2 اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں سے اردو زبان کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a] ہر وقت کھلونے ہیں اور عمدہ غذائیں ہیں
ماں باپ کی شفقت ہے اور ان کی دعائیں ہیں

b] پھیلی ہوئی ہے چین و مصر و عراق تک یہ
قومیں جہاں کی اس سے ہیں ہم زبان ہماری

c] ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

جواب : پھیلی ہوئی ہے چین و مصر و عراق تک یہ
قومیں جہاں کی اس سے ہیں ہم زبان ہماری
(اس میں باقی دو اشعار بچپن اور دعائیہ نظموں سے لیے گئے ہیں۔)

3 جملے غور سے پڑھیے۔ صحیح جملہ کون سا ہے؟ 1

a] لڑکے میدان میں کھیلتی ہے۔ b] لڑکے میدان میں کھیلتی ہیں۔

c] لڑکے میدان میں کھیلتے ہیں۔ d] لڑکے میدان میں کھیلتا ہے۔

جواب : لڑکے میدان میں کھیلتے ہیں۔(اس جملے کا فاعل 'لڑکے' ہے۔لفظ 'لڑکے' جمع مذکر ہے۔اس لیے فعل 'کھیلتے ہیں' آتا ہے۔)

4 ہندوستان میں مختلف زبان بولنے والے لوگ ہیں۔ 1
بچو، ہندوستان کے چار اہم زبانوں کے نام لکھیے۔

جواب : اردو، ملیالم، تامل، ہندی۔

(ہندوستانی آئین کے مطابق آٹھواں شیڈیول میں 22 زبانیں منظور کی گئیں ہیں۔)

5 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے 2

| الف | ب |
|---|---|
| اناج کی دکان | مرچ |
| سبزی کی دکان | تارلی |
| مچھلی کی دکان | مٹی کا برتن |
| دست کاری میلہ | گیہوں |

جواب : اناج کی دکان - گیہوں
سبزی کی دکان - مرچ
مچھلی کی دکان - تارلی
دست کاری میلہ - مٹّی کا برتن

6 قوسین سے مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔ 2
[ نظم، خط، لطیفہ ]

| | | |
|---|---|---|
| سب بولیوں سے اچھی | شمس منیری | ........................ |
| ........................ | بدّھو | آہستہ چلیے |

جواب : سب بولیوں سے اچھی – شمس منیری – نظم
لطیفہ – بدّھو – آہستہ چلیے

**7سے 13 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔** 5x3=15

7 سامان خریدنے کے لیے آج کل اکثر لوگ ماویلی اسٹور جاتے ہیں۔
بچّو، ماویلی اسٹور سے سامان خریدنے سے کیا کیا فائدے ہیں؟ لکھیے۔

جواب : ماویلی اسٹور سے سامان خریدنے سے ہمیں بہت سے فائدے ملتے ہیں۔ وہاں سے اچھی اچھی چیزیں مل رہی ہیں۔ وہاں ہر چیز سستی ملتی ہے۔ باہر کے بازاروں کی قیمت کے مقابلے میں ماویلی اسٹور میں اکثر چیزوں کی کم دام ہوتی ہے۔

8

حلوہ کھالو حلوہ کھالو.... میٹھا میٹھا حلوہ کھالو
کالی کٹ کا حلوہ
* خوب کھاؤ ، مزہ اٹھاؤ *

اوپر کا اشتہار غور سے پڑھیے۔ اس طرح کے مختلف اشتہارات آپ نے دیکھے ہوں گے۔
بچّو، آپ کی پسندیدہ چیز کے بارے میں ایک اشتہار تیار کیجیے۔

جواب :

نہاؤ... نہلاؤ...! بدن کی بدبُو ہٹاؤ...!!
دنیا کا سب سے عمدہ بیوٹی صابُن
صندل صابُن
دل لگا کر نہالو... جسم کی خوشبُو پھیلاؤ...!!

9 کاپاڈ، بیکل فورٹ وغیرہ ہماری ریاست کے تفریحی مقامات ہیں۔
[a بچّو، کیرلا کے دو تفریحی مقامات کے نام لکھیے۔
[b پسندیدہ ایک تفریحی مقام کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

جواب : a)موناّر،واگمن۔

b)واگمن کیرالاکاایک مشہور تفریحی مقام ہے۔یہ کوٹائم ضلع میں واقع ہے۔یہ ایک پہاڑی علاقہ ہے۔ اس لیے یہاں کی فضاسرد اور خوش گوار ہوتی ہے۔

10 جامن کا پیڑ ایک سایہ دار اور پھل دار پیڑ ہے۔ پیڑ سے ہمیں بہت فائدے ہیں۔

[a بچّو، دو پھل دار پیڑوں کے نام لکھیے۔

[b پیڑ سے ہمیں کیا کیا فائدے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

جواب : a)آم کا پیڑ اور کٹہل کا پیڑ۔

b)پیڑ زمین کی سب سے بڑی نعمت ہے۔پیڑ ہمیں سایہ دیتا ہے۔پیڑوں کی وجہ سے ہمیں تازہ ہوائیں مل رہی ہیں۔پیڑوں سے ہمیں پھل اور پھول بھی ملنے والے ہیں۔

11 ''میں ارچنا ہوں۔گوپال کی پوتی ہوں۔میں اپنے ماں باپ کے ساتھ ملیشیا میں رہتی ہوں۔.....''

ارچنا کی آپ بیتی پڑھیے۔بچّو، آپ بھی اپنے بارے میں آپ بیتی تیار کیجیے۔

جواب : میں عمران ہوں۔میں اپنے ماں باپ کے ساتھ گاؤں میں رہتا ہوں۔میرا باپ ایک درزی ہے۔ان کا نام حمید ہے۔میری ماں کا نام نادرہ ہے۔احمد میرا دادا اور فاطمہ میری دادی ہیں۔میں آٹھویں جماعت میں پڑھ رہا ہوں۔میرے بھائی اور بہن بھی میرے ساتھ گاؤں کے اسکول میں پڑھ رہے ہیں۔

12 شہر میں سامان خریدنے کے لیے مختلف منڈیاں ہوتی ہیں۔اناج منڈی، مچھلی منڈی وغیرہ

بچّو، پسندیدہ ایک منڈی کے بارے میں چار جملے لکھیے۔

جواب : سبزی منڈی میں مختلف قسم کی ترکاریاں ملتی ہیں۔سبزی والے وہاں تازہ تازہ ترکاریاں بیچ رہے ہیں۔وہاں ترکاریاں اچھے سلیقے سے سجا کر رکھی جاتی ہیں۔اس لیے سبزی منڈی کا نظارہ بہت خوب صورت ہے۔

13 عام سواریوں کے استعمال سے ہی ایک حد تک ذاتی گاڑیوں کی کثرت میں کمی ہو سکتی ہے۔

[a بچّو، چار گاڑیوں کے نام لکھیے۔

[b عام گاڑیوں کے استعمال سے ہمیں کیا کیا فائدے ملتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

جواب : a) سائیکل، بس، آٹو رکشا، ریل گاڑی۔

b) عام گاڑیوں کے استعمال سے ہمیں بہت سے فائدے ملتے ہیں۔ سڑکوں پر ٹرافک جام ایک حد تک کم ہوتی ہے۔ اس کی وجہ سے ہماری سڑکوں پر سے سوار کرنا بہت آسان ہوتا ہے۔ گاڑیوں کی کمی کی وجہ سے فضائی آلودگی کم ہو جاتی ہے۔ صدائی آلودگی میں بھی کمی ہوتی ہے۔ ایندھن کا بھی کم استعمال ہوتا ہے۔

**14 سے 19 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔** **4x4=16**

14 سب بولیوں سے اچھی اردو زبان ہماری
بولی یہی ہے اب اے ہندوستان ہماری

بچّو، شعر غور سے پڑھیے۔ اس میں شاعر اردو زبان کے بارے میں خوب بیان کرتا ہے۔

[a بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

[b اردو زبان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

جواب : a) اس شعر کا شاعر شمس آمنیری ہے۔

b) اردو ہندوستان کی اہم زبانوں میں ایک ہے۔ یہ زبان ہندوستان میں ہی پیدا ہوئی۔ آج کل اردو زبان کو عالمی زبان کی حیثیت حاصل ہوئی ہے۔ اردو سریلی اور شیریں زبان ہے۔ یہ غزلوں، گیتوں اور فلموں کی زبان ہے۔ اردو زبان علوم و فنون کا انمول خزانہ بھی ہے۔

15 افسانہ نگاری کے مقابلے میں روہن اوّل آیا۔ ٹرافی لیکر وہ خوشی خوشی گھر پہنچا۔ روہن کو دیکھ کر ماں نے پوچھا۔

ماں : تم بہت خوش ہو، کیا بات ہے بیٹا؟

روہن : .................

بچّو، ماں اور روہن کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

جواب : ماں : تم بہت خوش ہو، کیا بات ہے بیٹا؟

روہن : دیکھیے امّی جان، یہ ٹرافی مجھے انعام ملی ہے۔

ماں : یہ ٹرافی تم کو کس لیے ملی ہے بیٹا؟

روہن : آج اسکول میں افسانہ نگاری کا مقابلہ تھا۔

ماں : مقابلے میں کیا ہوا بیٹا؟

روہن : امّی، مقابلے میں میں اوّل آگیا ہوں۔

ماں : شاباش بیٹا، شاباش! افسانے کا موضوع کیا تھا؟

روہن : کیا کہوں امّی جان! بڑی خوشی کی بات ہے کہ افسانے کا موضوع 'جامن کا پیڑ' تھا۔

ماں : واہ، واہ! جامن کا پیڑ تمھارا پسندیدہ پیڑ ہے نا!

روہن : جی امّی جان۔

16 سرکاری دفتر اور سڑکوں کے کنارے کئی طرح کے سائن بورڈ [Signboard] دیکھ سکتے ہیں۔
بچّو، پسندیدہ موضوع پر سائن بورڈ کے لیے تین جملے تیار کیجیے۔

جیسے: یہاں تھوکنا منع ہے۔

جواب :

یہاں پیشاب کرنا منع ہے!

کوڑا کرکٹ اس ڈبّے میں ڈالیے!

باغ کے پھول مت توڑیں!

باغ کو خوب صورت بنائیں!!

17
محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے
بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے
آزاد ہے فکروں سے غم پاس نہیں آتا
ہے عمر کا حصّہ یہ خوشیوں میں گزر جاتا

[a بچو، یہ اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں شاعر کس بات کے بارے میں بیان کرتا ہے؟
[ جوانی، بچپن، بڑھاپا، وفات ]

[b اس میں شاعر کیا بتانا چاہتا ہے؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

جواب : a) بچپن

b) بچپن محبوب اور مرغوب زمانہ ہے۔ بچپن اچھا زمانہ ہے۔ بچپن میں بچّے فکروں سے آزاد ہیں۔اس لیے دکھ نہیں آتا ہے۔ بچپن خوشیوں کا زمانہ بھی ہے۔ بچپن زندگی کا خوب صورت حصّہ ہے۔

18 عبارت غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔

ایک دن بدّھو گھر سے بازار کی طرف نکلا۔ سڑک کے پل پر بہت گاڑیاں تھیں۔وہاں ایک سائن بورڈ تھا کہ ”پل کمزور ہے، آہستہ آہستہ چلیے“۔یہ دیکھ کر بدّھو پل کے اوپر احتیاط کے ساتھ آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہا تھا۔اس کی وجہ سے ٹرافک بگڑ گیا۔ گاڑیاں ایک ایک کرکے رُک گئیں۔

[اشارے: کہاں، کیوں، کیا، کون، کیسے]

جواب :
- بدّھو گھر سے کہاں نکلا؟
- پُل کے پاس سائن بورڈ پر کیا لکھا تھا؟
- سائن بورڈ دیکھ کر بدّھو نے کیسا سلوک کیا؟
- گاڑیاں ایک ایک کرکے کیوں رُک گئیں؟

19 پوسٹر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

* عالمی یومِ اردو *

[اردو کی اہمیت پر سمینار]

مقام : سرکاری ہائی اسکول، کاسرگوڈ

تاریخ : ۹/نومبر / ۲۰۱۸ء دو بجے

صدارت : سری متی پاروتی [ہڈ مسٹرس]

**افتتاح : چندر بابو [صدرِ پنچایت]**

سب کو خیر مقدم

a) سمینار کا افتتاح کون کرتا ہے؟

b) یہ پروگرام کب منایا جاتا ہے؟

c) یہ پروگرام کیوں منایا جاتا ہے؟

جواب : a) سمینار کا افتتاح صدرِ پنچایت چندر بابو کرتا ہے۔

b) یہ پروگرام عالمی یومِ اردو کے موقع پر منایا جاتا ہے۔

c) یہ پروگرام اردو کی اہمیت کے بارے میں منایا جاتا ہے۔

☆☆☆